مولانا صدرالدین اصلاحیؒ۔حیات وخدمات (مقالات سمینار)

ناشر: انجمن طلبۂ قدیم مدرسۃ الاصلاح، سرائے میر، اعظم گڑھ، ۲۰۰۷ء، ص ۵۰۴، قیمت:/۲۶۰ روپے

مولانا صدرالدین اصلاحی (م ۱۹۹۸ء) تحریک اسلامی ہند کے صفِ اول کے قائدین میں سے تھے۔ وہ مدرسۃ الاصلاح کے ان مایہ ناز فرزندوں میں سے ہیں جنھوں نے علوم اسلامی اور خاص طور پر قرآنیات کے میدان میں اہم علمی خدمات انجام دی ہیں۔ مدرسۃ الاصلاح کی انجمن طلبۂ قدیم کے زیر اہتمام ۲۷-۲۹/ اپریل ۲۰۰۶ء میں ایک دوروزہ سمینار ان کی حیات وخدمات پر منعقد ہوا تھا۔ زیرنظر کتاب اس سمینار میں پیش کیے جانے والے مقالات کا مجموعہ ہے۔

اس مجموعہ میں خطبۂ استقبالیہ، کلیدی خطاب، خطبۂ صدارت اور رپورٹ سمینار کے علاوہ ۲۳ مقالات ہیں۔ بعض مقالات میں سوانحی معلومات فراہم کی گئی ہیں۔ بعض میں مولانا کی تصانیف: تیسیر القرآن، تلخیص تفہیم القرآن، قرآن مجید کا تعارف اور معرکۂ اسلام وجاہلیت وغیرہ کا تعارفی مطالعہ پیش کیا گیا ہے۔ بعض میں مولانا کی قرآنی بصیرت، علم حدیث سے شغف، معاشی افکار، ترجمہ نگاری اور اسلوب بیان کا جائزہ لیا گیا ہے۔ ایک مقالہ میں تفصیل سے جماعت اسلامی ہند سے ان کے تعلق اور مقام اور تحریکی سرگرمیوں کی تفصیلات بیان کی گئی ہیں۔ زیرنظر مجموعہ میں ایک اہم چیز مولانا مرحوم اور مولانا سید ابوالاعلی مودودیؒ (م ۱۹۷۹) کے مابین مراسلت کا تعارف ہے جو مرحوم کے لائق فرزند ڈاکٹر رضوان احمد فلاحی نے کرایا ہے۔ اس سے اندازہ ہوتا ہے کہ دونوں بزرگوں میں کتنے قریبی تعلقات تھے اور مولانا مودودی ان پر کتنا اعتماد کرتے تھے۔

اگرچہ اس مجموعۂ مقالات میں مولانا صدرالدین اصلاحی کی حیات وخدمات کے تمام پہلوؤں کا احاطہ نہیں ہوسکا ہے۔ ان کی متعدد اہم تصانیف ہیں جن کے تفصیلی مطالعہ وجائزہ کی ضرورت تھی۔ اسی طرح ان کے تصنیفی وتحریری سرمایہ کے یکجا تذکرہ وتعارف کی بھی کمی محسوس ہوتی ہے۔ پھر بھی اس کتاب کے ذریعے مولانا کی دینی، علمی اور تحریکی خدمات پر بحیثیت مجموعی اچھی روشنی پڑتی ہے۔ امید ہے، یہ ان کے افکار کے تعارف کا ذریعہ ثابت ہوگی۔ اللہ تعالیٰ اس خدمت پر مرتبین کو جزائے خیر عطا فرمائے۔

(م۔ر۔ن)

کارکنانِ ادارۂ تحقیق کی بعض تصانیف

جو مرکزی مکتبہ اسلامی پبلشرز سے شائع ہوئیں

۱-	مومنانہ زندگی کے اوصاف	مولانا سلطان احمد اصلاحی	۵۰/-
۲-	اسلام اور آزادئ فکر و عمل	،،	۳۵/-
۳-	کم سنی کی شادی اور اسلام	،،	۷/-
۴-	بچوں کی مزدوری اور اسلام	،،	۵/-
۵-	بندھوا مزدوری اور اسلام	،،	۳/-
۶-	دعوت دین کے علمی تقاضے (ترجمہ)	،،	۴۰-
۷-	قرآن اور سائنس (ترجمہ)	،،	۲۰/-
۸-	انسانی معاشرہ اسلام کے سایے میں (ترجمہ)	،،	۲۰/-
۹-	حضرت ابراہیم علیہ السلام	ڈاکٹر محمد رضی الاسلام ندوی	۴۰/-
۱۰-	حقائق اسلام۔ بعض اعتراضات کا جائزہ	،،	۵۰/-
۱۱-	کفر اور کافر قرآن کی روشنی میں	،،	۲۰/-
۱۲-	قرآن کریم کا اعجاز بیان (ترجمہ)	،،	۷۵/-
۱۳-	سیرت رسول- دروس اور نصائح (ترجمہ)	،،	۱۶۰/-
۱۴-	عہد نبوی کا مدنی معاشرہ (ترجمہ)	،،	۱۶۰/-
۱۵-	اسلام اور مغرب کی کش مکش (ترجمہ)	،،	۷۵/-
۱۶-	علم تفسیر- چند بنیادی مسائل (ترجمہ)	،،	۴/-
۱۷-	جرائم اور اسلام	مولانا محمد جرجیس کریمی	۸۵/-
۱۸-	مسلمانوں کی حقیقی تصویر	،،	۵۵/-

ملنے کے پتے

ادارۂ تحقیق و تصنیف اسلامی، پوسٹ بکس نمبر: ۹۳، علی گڑھ -۱

مرکزی مکتبہ اسلامی پبلشرز، دعوت نگر، ابوالفضل انکلیو، نئی دہلی - ۲۵